# تبصرۂ کتب

## The Bible Story

## (داستانِ بائبل)

مصنّف : شیخ محمد حفیظ

ناشر : انٹر فیتھ پبلی کیشنز۔اسلام آباد

اشاعت : ستمبر ۱۹۹۸ء

قیمت : ۷۵ روپے

''داستانِ بائبل'' جیسا کہ نام سے مترشح ہوتا ہے، بائبل کی ترتیب وتدوین، اِس کے مآخذ، اِس کے مصنفین اور اِس کے بیان کردہ واقعات کی چھان پھٹک سے بحث کرتی ہے۔کتاب واضح طور پر دو حصّوں پر مشتمل ہے۔

پہلے حصّے میں بائبل کے مآخذ اور اِس کی ترتیب وتدوین کا ذکر کرتے ہوئے جناب مصنّف نے اِس امر کا جائزہ لیا ہے کہ بائبل کے بیان کردہ واقعات کس حد تک درست ہیں۔دوسرا حصّہ دو ضمیموں کی شکل میں ہے۔پہلے ضمیمے میں بائبل کی کتابوں کے مصنّفین، اُن کے زمانۂ تالیف اور بالخصوص اپاکریفل ادب کا تعارف ہے۔دوسرے ضمیمے میں متنِ بائبل کی اغلاط، باہمی تضادات اور الحاقی عبارتوں جیسے امور پر اظہارِ خیال کیا گیا ہے۔

جناب مصنّف کے نقطۂ نظر کے مطابق

☆ بائبل کی کتابوں کے مآخذ مشکوک ہیں۔

☆ کتابوں کے حقیقی مصنّفین کا قطعیت کے ساتھ تعین نہیں ہوسکتا، اور نہ یہ کہا جاسکتا ہے کہ جن مصنّفین کے نام یہ کتابیں منسوب ہیں، اُنہوں نے الہام پا کر اُنہیں تالیف کیا تھا۔

☆ بائبل میں کون کون سی کتابیں شامل ہیں، مسیحیوں کے درمیان اِس بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

☆ بائبل کے مضامین میں بہت سی باتیں مبہم ہیں۔

☆ بائبل کے بیان کردہ واقعات اور احکام میں تضادات ہیں۔

☆ عہد نامۂ عتیق اور عہد نامۂ جدید میں بہت سارا الحاقی مواد موجود ہے۔

جناب مصنّف کے مطالعے کا ماحصل یہ ہے کہ بائبل مختلف ادوار کے انسانوں کی تحریری کاوش ہے، خدا کا کلام نہیں۔

کتاب میں جہاں بائبل کی تحریر و تالیف کے ادوار کا دقتِ نظر کے ساتھ تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے، وہیں بائبل کے قدیم مآخذ و تراجم، گم شدہ نسخوں اور دستیاب قدیم نسخوں کے بارے میں بھی اہم معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ جناب مصنّف نے اپنے مؤقف کی تائید یا وضاحت کے لیے متعدّد مقامات پر مغربی اہلِ قلم کے حوالے دیے ہیں، تاہم بعض جگہ عبارتیں واوین میں درج کی گئی ہیں، مگر حوالہ درج کرنے کا اہتمام نہیں ہوسکا۔

بائبل کے مختلف تراجم اور الگ الگ کتابوں کے اسماء کے لیے کتاب میں جو رموز اور اختصارات استعمال کیے گئے ہیں، خاتمۂ کتاب پر ان کی فہرست مہیا کر دی گئی ہے۔

''داستانِ بائبل'' صاف ستھرے انداز میں سادہ اور باوقار ٹائٹل کے ساتھ شائع ہوئی ہے، اور اپنی طرز کی کتابوں میں ایک اچھا اضافہ ہے۔

اسلامی مشن۔فیصل آباد خواجہ حامد بن جمیل